3711 - ماں نے بچے کے متعلق ڈرتے ہوئے روزے ترک کردئے

سوال

ایک عورت نے رمضان میں بچہ جنالیکن رمضان کے بعد اس نے دودھ پیتے بچے کے ڈرسے روزوں کی قضاء نہیں دی وہ پھردوبارہ حاملہ ہوئی اوراگلے رمضان میں بچہ پیدا کیا اس کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ روزوں کے بدلے پیسے تقسیم کردے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس عورت پرواجب ہے کہ وہ روزے ہی رکھے اگرچہ دوسرے رمضان کے بعد ہی، کیونکہ اس نے پہلی اوردوسری قضاء کوعذر کے سبب چھوڑا ہے ۔ مجھے اس کا علم نہیں کہ آیا اس پر سردی کے موسم میں ایک دن چھوڑ کرروزہ رکھنے میں بھی مشقت ہے اوراگروہ دودھ پلاتی ہے تو اللہ تعالی اسے روزے رکھنے کی قوت بخشے گا کہ وہ دوسرے رمضان تک قضاء کرے اوراگرنہ دے سکے تو پھراس پرکوئی حرج نہیں کہ وہ اسے دوسرے رمضان تک موخرکردے ۔

واللہ اعلم .